ترجمہ

"تَحْرِيرُ الْأَقْوَالِ فِيْ صَوْمِ السِّتِّ مِنْ شَوَّالٍ"

بنام

شوال کے چھ روزوں کی شرعی حیثیت

مصنّف

علامہ قاسم بن قطلوبغا حنفی

(المتوفّی ۸۷۹ھ)

ترجمہ وتخریج

مولانا محمد عبد اللہ فہیمی سندھی

تعلیق وحواشی

مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی مدظلہ العالی

ناشر

جمعیت اشاعت اہلسنّت (پاکستان)

نور مسجد، میٹھادر، کراچی021-32439799

نام کتاب	"تَحْرِيرُ الْأَقْوَالِ فِيْ صَوْمِ السِّتِّ مِنْ شَوَّالٍ"
مؤلّف	علامہ قاسم بن قطلوبغا حنفی
ترجمہ وتخریج	مولانا محمد عبد اللہ فہیمی سندھی
تعلیق وحواشی	مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی مدظلہ العالی
تعداد اشاعت	۳۵۰۰
سن اشاعت	اگست 2012ء / رمضان المبارک ۱۴۳۳ھ
ناشر	جمعیت اشاعت اہلسنّت (پاکستان) نور مسجد میٹھادر، کراچی 021-32439799

پیش لفظ

نَحْمَدُہ و نُصلِّی عَلٰی رَسُوْلِہ الْکَرِیْمِ

بے شمار مسائل ایسے ہیں کہ جن کے بارے میں صریح احادیث موجود ہیں لیکن بعض خارجی وُجوہات کی بناء پر اُن میں نزاع واقع ہوا جیسے شوال کے چھ روزے کہ علماء کرام میں سے بعض نے اِنہیں صرف اس لئے مکروہ کہا کہ اگر رمضان المبارک کے ساتھ متصلاً رکھے جائیں تو تشبُّہ بالنّصاریٰ لازم آئے گا کہ اس میں غیر فرض کو فرض کے ساتھ لاحق کرنا لازم آئے گا تو جواب دیا گیا کہ جب عید الفطر کے دن افطار کر لیا تو تشبُّہ بالنصاری نہ رہا لہٰذا جمہور علماء اس کے عدم کراہت کے قائل ہیں اور علامہ قاسم حنفی جو کہ صاحب فتح القدیر ابن ہمام حنفی کے شاگرد ہیں اُن کا فقہ حنفی میں بلند مقام ہے آپ کے دَور میں علامہ تبانی نے جب شوال کے روزوں کا انکار کیا تو آپ نے اس کا بھرپور ردّ فرمایا جو کہ اس رسالہ کو پڑھنے سے معلوم ہو گا۔ ہمارے دَور میں بھی مفتی زرولی جیسوں نے ان روزوں کا انکار کیا ہے تو علامہ قاسم کی اس تحریر میں اُن کا ردّ بھی موجود ہے۔ ہمارے شعبہ حدیث و افتاء کے سربراہ کی تحریک پر مولانا محمد عبد اللہ فہیمی سندھی نے اِس نایاب رسالہ کا اُردو میں ترجمہ کر کے آپ کی خدمت میں پیش کیا تو آپ نے اس پر تعلیقات و حواشی تحریر فرمائے اور ساتھ ہی محترم جناب مولانا محمد عبد اللہ فہیمی صاحب کو رسالہ میں موجود نُصوص کی تخریج اور ماٰخذ تحریر کرنے کا حکم دیا تو انہوں نے بڑی محنت سے اُن کی تخریج اور علماء و کُتُب کے تراجم اور ماٰخذ تحریر کئے۔ اور مفتی صاحب قبلہ نے علماء کرام کے فائدے کے لئے اس رسالہ کے عربی متن مع تخریج کو بھی ساتھ شائع کرنے کا حکم فرمایا، اس طرح جمعیت اشاعت اہلسنّت (پاکستان) اس نایاب اور مفید رسالہ کو اردو ترجمہ اور عربی متن کے ساتھ اپنی

اشاعت کے 220ویں نمبر پر شائع کر رہی ہے اور یہ رسالہ ہند و پاک میں پہلی دفعہ شائع ہو رہا ہے۔ امید ہے کہ یہ رسالہ عوام و خواص کے لئے مفید ثابت ہو گا۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کے طفیل مترجم و مخرّج مولانا فہیمی اور مُحشّی قبلہ مفتی صاحب کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

حکیم سید محمد طاہر نعیمی مراد آبادی

احوالِ مصنّف

(از مولانا محمد عبد اللہ فہیمی)

امام، مُحدّث، حافظ، علامہ، فقیہ، مفتی، زین الدّین، شرف الدّین، ابو العدل قاسم بن قُطلُوبُغابن عبد اللہ ہے، لیکن آپ "قاسم الحنفی" کے نام سے زیادہ مشہور ہوئے۔

آپ کی ولادت محرم الحرام ۸۰۲ھ بمطابق ۱۳۹۹ ء میں ہوئی۔ آپ کے بچپن میں ہی آپ کے والد کا انتقال ہو گیا اِسی طرح آپ نے یتیمی میں پرورش پائی، جب آپ جوان ہوئے تو طلبِ معاش کے لئے آپ نے کپڑوں کی سلائی کا کام شروع کیا اور اِس کی ساتھ ساتھ قرآن کریم بھی حفظ کیا۔

آپ پہلے ہی بہت ذہین تھے، پھر طلبِ علم کے لئے آپ علیہ الرحمہ نے تجویدِ قرآن "الزراتیتی" سے پڑھی، اور علومِ حدیث "تاج احمد الفرغانی النّعمانی قاضئ بغداد اور "حافظ ابن حجر" سے پڑھی۔ اور آپ نے فقہ علامہ محمد بن عبد الواحد المعروف ابن الہمام اور " العلاء البخاری " اور صاحب "قارئ الهدایۃ" اور المجد الرومی اور عبد اللطیف الکرمانی وغیر ہم سے پڑھی۔ اِسی طرح آپ نے علمِ اصول، علمِ فرائض، علمِ میقات، علمِ معانی و بیان، علمِ منطق وغیرہا مختلف علماء سے پڑھ کر مہارت حاصل کر لی۔ پھر مزید علم کے حصول کے لئے آپ نے شام کے طرف سفر کیا۔

آپ نے تعلیم حاصل کرنے کے بعد تدریس شروع کی۔ آپ نے حدیث شریف کا درس دیا۔ آپ سے کثیر علماء نے علم حاصل کیا ہے۔ اُن میں سے بعض کے نام یہ ہیں: شمس الدین مغربی، ابو اسحاق نجندی، ابن اسماعیل جوہری، بدر طولونی، بدر الدین قاہری، ابن العینی، علاء سکندری، ابن صیرفی، ابن الغزال، ابو فضل عراقی۔

آپ ہمیشہ تصنیف و تالیف میں مشغول رہتے تھے، آپ نے بے شمار کتابیں لکھی ہیں جن میں سے بعض کے نام یہ ہیں:

۱۔ رسالة فی البسملة، ۲۔ غریب القرآن، ۳۔ ترتیب مُسنَد أبی حنیفة، ٤۔ تبویب مُسنَد أبی حنیفة، ٥۔ الأجوبة عن اعتراض ابن أبی شیبة علی أبی حنیفة، ٦۔ زوائد سُنَن الدّا رقطنی، ۷۔ شرح کتاب جامع المسانید للخوارزمی، ۸۔ تاج التّراجم، ۹۔ الإیثار برجال معانی الآثار، ۱۰۔ الثّقات ممن لم یقع فی الکتب السّتة، ۱۱۔ تخریج أحادیث الشّفا بتعریف حقوق المصطفی ﷺ، ۱۲۔ منیة الألمعی بما فات الزّیلعی، ۱۳۔ التّصحیح و التّرجیح علی مختصر القدوری، ١٤۔ شرح دُرَر البحار، ١٥۔ شرح المُختار، ١٦۔ شرح النُّقایة مختصر الوقایة، ۱۷۔ الفتاوی القاسمیة، ۱۸۔ رسالة اذا لم یجد وقت العشاء و الوتر، ۱۹۔ حاشیة علی التّلویح، ۲۰۔ حاشیة علی شرح العقائد، ۲۱۔ شرح المسایرة لابن الهمام، ۲۲۔ رسالة فی الکفر، ۲۳۔ تلخیص السّیرة النّبویة لمغلطاي، ۲٤۔ ذکر مناقب الإمام الأعظم و أبی یوسف و محمد بن الحسن و زفر، ۲٥۔ الواقعات.

آپ پیدل زیادہ چلتے تھے، جس کی وجہ سے آپ کو سلسُ البول کی بیماری لاحق ہوئی۔ ایک مدّت تک اِس مرض میں مبتلا رہ کر ۷۷ سال کی عمر میں جمعرات کی رات ۸۷۹ھ بمطابق ١٤٧٤ ء کو وفات پا گئے۔

قاضی القضاۃ علامہ ولی الدین الاَسیوطی نے آپ کی نمازِ جنازہ پڑھائی۔ اور عقبہ بن عامر کے طرف منسوب باب المشھد کے پاس آپ کے آباء و اولاد کے ساتھ دفن کیا گیا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سببِ تالیف [۱]

حمد و صلاۃ کے بعد، جب قاہرۃ میں شوال کے چھ روزوں کا تذکرہ چھڑا کہ یہ روزے مکروہ ہیں۔ صاحبِ عدل و رضا محصّل ابو عبد اللہ بن طیبغا حنفی عاملہ اللہ بلطفہ الخفی سے سادۃ حنفیہ کی کُتب کی روشنی میں اِس کا جواب طلب کیا گیا۔

شوال کے چھ روزوں کے بارے میں علامہ جلال تبّانی کا قول

پس شیخ، امام، عالم، جلال الدین التّبّانی الحنفی کے "منظومہ" میں یہ الفاظ پائے کہ: "شوال کے چھ روزے بزرگوں کے نزدیک مکروہ ہیں"۔

اور اُن کا قول اِس کی "شرح" [۲] میں اِس طرح ہے کہ: شوال کے چھ روزے پے درپے رکھنا اور متفرق طور رکھنا امام ابو حنیفہ کے نزدیک مکروہ ہیں۔ اور امام ابو یوسف سے مروی ہے کہ پے درپے رکھنا مکروہ ہیں۔ اور امام مالک نے فرمایا کہ: شوال کے چھ روزے رکھنا ہر حال میں مکروہ ہیں۔ [۳] اور یہ جاہلوں کا وظیفہ ہے۔ اور جو بھی اِس باب میں احادیث وارد ہیں وہ سب موضوع ہیں۔ اِس عبارت کو کتاب التفسیر میں ذِکر کیا ہے۔

۱۔ یاد رہے کہ یہ مؤلّف کے شاگردوں میں سے کسی شاگرد کا کلام ہے، جب کہ مؤلّف کا کلام ایک صفحہ کے بعد شروع ہو گا۔

۲۔ یعنی علامہ جلال تبانی کا قول "شرح منظومہ" میں

۳۔ "موطا امام مالک" کے کتاب الصیام کے آخر میں یحییٰ بیان کرتے ہیں کہ آپ نے اہلِ علم و فقہ میں سے کسی کو عید الفطر کے بعد چھ روزے رکھتے ہوئے نہیں دیکھا اور نہ ہی اُنہیں اسلاف میں سے کسی کے بارے میں خبر پہنچی کہ اُنہوں نے یہ روزے رکھے ہوں۔

اور رمضان مہینے کے روزوں نے منسوخ کر دیا ہر اُس روزے کو جو اِس (کی فرضیت) سے پہلے تھے۔ اِسی طرح قربانی نے ہر اُس دم کو منسوخ کر دیا جو اِس سے پہلے تھا، جس طرح عتیرہ [٤] اور اکیرہ ہیں۔ اور کہا گیا ہے کہ: مکروہ نہیں ہیں۔ اور یہ امام محمد کا قول ہے۔ لیکن پہلا قول اصح ہے۔ کیونکہ اِس (یعنی شوال کے چھ روزے رکھنے) میں اہلِ کتاب کے ساتھ تشبُّہ ہے۔ کیونکہ اہلِ کتاب فرض کے ساتھ ہر اُس چیز کو ملا دیتے ہیں جو چیز فرض سے نہیں ہوتی۔

دعویٔ کراہت مؤلّف پر پیش کرنا [٥]

پس یہ سیدنا، امام، عالم، بقیۃ السّلف، زین الدّین، ابو المعالی قاسم بن قطلوبغا حنفی رحمہ اللہ تعالیٰ سے سوال ہوا۔ آپ علیہ الرحمۃ نے جواب دیا۔

بسم اللہ، اللہ تعالیٰ کی حمد اور نبی کریم ﷺ پر درود و سلام کے بعد وہ جس کی آپ نے تصریح کی، حمد و صلاۃ کے بعد: پس فقیر اپنے بے نیاز ربّ کا محتاج بندہ قاسم حنفی کہتا ہے کہ: عادل، فاضل ابو عبد اللہ محمد بن طنبغا حنفی نے شیخ جلال تبانی کا قول میری طرف بھیجا جو اُن کی "منظومہ" اور "شرح" میں ہے، جس کا ذِکر پہلے حرفاً حرفاً کیا گیا ہے۔ پس میں کہتا ہوں کہ:

یہ وہ شخص ہے کہ جس نے ایسے فعل کو چھوڑنے کا قصد کیا ہے کہ جس میں بہت ثواب ہے۔ ارور وہ بھی ایسے جھوٹے دعوی [٦] کے ساتھ جو بلا دلیل ہے۔

٤۔ عتیرہ اُس بکری کو کہتے ہیں جو اہلِ جاہلیت رجب کے مہینے میں اپنے بتوں کے لئے ذبح کرتے تھے، اور اکیرہ اُس ولیمہ کو کہتے ہیں جو گھر کی تعمیر کے لئے کیا جائے، اور فقہاء نے بلا نکیر اِسے ذکر کیا ہے جیسے قلیوبی علی شرح المنہاج، ۲۹۴/۳ وغیرہ

٥۔ مؤلّف علامہ قاسم حنفی نے دعوائے کراہت کو رد کیا ہے قطع نظر اِس سے کہ مالکیہ کے ہاں اِس کا کیا حکم ہے؟ اور جو اُن کی کُتب میں ہے وہ یہ ہے کہ کراہت مطلقاً نہیں ہے۔

٦۔ جھوٹے دعوی سے مراد باطل دعوی ہے۔

اور مختل اور ضعیف اور مؤول پہ اعتماد کیا ہے۔ اور اُس قول کو چھوڑ دیا ہے جس پر بھروسہ کیا گیا ہے۔ اور ایسے قول کی نقل مختل اور الفاظ زائدہ کے ساتھ تصحیح کی ہے کہ جس کی تصحیح کے طرف کسی نے سبقت نہیں کی اور نہ ہی کسی نے اُس پر بھروسہ کیا ہے۔ اور ایسی چیز کو ذکر کیا ہے جس کے اُس جگہ لانے میں کوئی فائدہ نہیں ہے۔

اور اُس کا بیان یہ ہے کہ: اُس کے قول "شوال کے چھ روزے مکروہ ہیں ...." سے "ہر حال میں" تک بلا فائدہ تکرار ہے۔ اور اُس کا قول کہ: "امام ابو حنیفہ کے نزدیک" یہ وہ قول ہے جو "محیط البرھانی" اور "ذخیرۃ البرھانیۃ" میں اُس صیغے کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے کہ وہ خود اِس پر دلالت کرتا ہے کہ یہ خلافِ اُصول ہے۔ اور "ذخیرۃ البرھانیۃ" میں اِس قول کا تعاقب کیا گیا ہے کہ صحیح اُس کے خلاف ہے۔ اور " محیط" میں اسی طرح ہے۔ جیسا کہ اِس کا ذِکر عنقریب آئے گا۔

اور رہا اُس کا قول "امام ابو یوسف کے نزدیک.... إلخ "پس یہ فریبی نقل ہے۔ عباراتِ کُتب اِس بات پر متفق ہیں کہ جو قول امام ابو یوسف سے منقول ہے جو امام کرخی کی روایت ہے کہ: وہ (یعنی امام ابو یوسف) شوال کے چھ روزوں کو رمضان کے ساتھ ملا رکھنے کو مکروہ جانتے تھے، اِس خوف سے کہ کہیں اِن روزوں کو فرض کے لاحق کر دیا جائے۔ پس اِس عبارت سے صاحب "الحقائق" نے یہ سمجھ لیا کہ: "شوال کے چھ روزے پے در پے رکھنا مکروہ ہیں۔" پس اُن کے نزدیک اُس کی یہی تاویل ہے۔

اور صاحبِ "بدائع" نے فرمایا ہے کہ: "اتباع مکروہ ہے، وہ یہ ہے کہ عید کے روز روزہ رکھے اور اُس کے بعد پانچ روزے رکھے جائیں۔" پس صاحبِ "بدائع" کے نزدیک امام ابو یوسف کے قول کے یہی معنی ہیں۔ اور یہ امام حسن بن زیاد کی املاء سے اَخذ کیا ہے۔ جس طرح ہم عنقریب ذِکر کریں گے۔ اور میرے قول "جلال تبانی نے مؤول اور ضعیف قول پہ اعتماد کیا ہے" سے مُراد یہی ہے۔

شوال کے چھ روزوں کی کراہت کا دعوی فقہائے حنفیّہ کی نصوص کے مخالف ہے

بہر حال جو اُس نے معتمد اقوال کو ترک کر دیا ہے، میں اصحابِ ابی حنیفہ کے زمانے سے لے کر ہمارے مشائخ کے زمانے تک قرناً بعد قرنٍ اُن اقوال کو لاتا ہوں۔ پس میں کہتا ہوں کہ:

۱۔ یہی امام محمد کا قول ہے۔

۲۔ اور "غایۃ" میں امام حسن بن زیاد سے منقول ہے کہ: "وہ اِن روزوں میں کسی بھی قسم کا حرج نہیں سمجھتے تھے۔ اور آپ فرمایا کرتے کہ: رمضان کے اور شوال کے روزوں میں عید الفطر کا دن تفریق کے لئے کافی ہے"۔

اور امام محمد (بن حسن شیبانی) اور امام حسن بن زیاد یہ دونوں ابو حنیفہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے شاگرد ہیں۔ اور امام احمد کی وفات ۱۸۹ھ میں اور امام حسن (بن زیاد) کی وفات ۲۰۴ھ میں ہے۔

۳۔ امام طحاوی نے حدیث «مَنْ صَامَ رَمَضَانَ وَ أَتبَعَهُ سِتّاً مِنْ شَوَالَ» یعنی، "جس نے رمضان کے روزے رکھے اور اُس کے پیچھے شوال کے چھ روزے رکھے" کو کئی طُرق سے ذکر کیا ہے۔ اور اِس حدیث کو ثابت بھی کیا ہے اور آپ کی وفات ۳۲۱ھ میں ہوئی ہے۔ اور ولادت ۲۲۹ھ میں ہے۔

۴۔ فقیہ ابو اللیث سمرقندی نے "کتاب النوازل" میں فرمایا ہے کہ: "عید الفطر کے بعد چھ روزے پے در پے رکھنا، پس بعض "علماء" نے اِسے مکروہ جانا ہے، لیکن مختار یہ ہے کہ اِس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ کیونکہ کراہت تو صرف اِس لئے ہے کہ اِن چھ روزوں کو رمضان کے روزوں سے شمار کئے جانے سے نہ بچا جائے۔ تو یہ نصاریٰ کے ساتھ تَشبُّہ ہو گا۔[7] اور اب یہ معنی زائل ہو گئے"۔[8]

۷۔ تَشبُّہ بالنّصاریٰ یہ ہے کہ غیر فرض کو فرض کے ساتھ لاحق کیا جائے۔

۸۔ اور یہ معنی زائل ہو گئے کا مطلب یہ ہے کہ: رمضان اور شوال کے چھ روزوں کے مابین عید الفطر کا دن ہے جو دونوں کو جُدا کرتا ہے، لہٰذا فرض کے ساتھ غیر فرض لاحق نہ ہوا۔

اور ابو للیث سمرقندی کی وفات ۳۷۳ھ میں ہوئی۔

۵۔ حسام الشہید نے "الواقعات" میں فرمایا ہے کہ: "عید الفطر کے بعد شوال کے چھ روزوں کے پے در پے رکھنے کو بعض علماء نے مکروہ قرار دیا ہے۔ لیکن مختار یہ ہے کہ اِس میں کوئی حرج نہیں ہے"۔

اور اُن کی وفات ۵۳۶ھ میں ہوئی ہے۔

۶۔ ابو حفص عمر نسفی نے فرمایا ہے کہ: "رمضان کے روزوں کے پیچھے شوال کے روزے رکھنا امام مالک کے نزدیک مکروہ ہے، اور ہمارے نزدیک مکروہ نہیں ہے"۔

پس عمر نسفی نے اِسے مذہب شمار کیا ہے اُس میں امام مالک کا اختلاف قائم ہے۔ اور عمر نسفی کی وفات ۵۳۷ھ میں ہوئی۔

۷۔ صاحبِ ہدایہ نے "التجنیس" میں فرمایا ہے کہ: "عید الفطر کے بعد شوال کے چھ روزے پے در پے رکھنے کو بعض علماء مکروہ جانتے ہیں، اور مختار یہ ہے کہ اِس میں کوئی حرج نہیں ہے"۔

اور صاحبِ "ہدایہ" کی وفات سن ۵۹۳ھ میں ہوئی۔

۸۔ اور "حقائق" میں ہے کہ: "عید الفطر کے ساتھ شوال کے چھ روزے متصلاً رکھنا امام مالک کے نزدیک مکروہ ہے، اور ہمارے ہاں مکروہ نہیں ہے[۹]، اگرچہ ہمارے مشائخ نے افضلیت میں اختلاف کیا ہے۔ اِسی طرح "المختلف"[۱۰] میں ہے۔ اور امام ابو یوسف سے مروی ہے کہ آپ پے در پے روزے رکھنے کو مکروہ جانتے تھے، لیکن مختار یہ ہے کہ اِس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ کیونکہ کراہت تو صرف اُس وقت ہے جب اِن چھ روزوں کو رمضان کے روزوں سے شمار لیا جانے سے نہ بچا جائے، تو یہ نصاری کے ساتھ تشبُّہ ہو جاتا ہے، اور اب یہ معنی زائل ہو گئے"۔

۹۔ یعنی ہم احناف کے ہاں مکروہ نہیں ہے۔

۱۰۔ "المختلف" سے مراد امام ابو اللیث سمرقندی کی کتاب "مختلف الروایہ"

۹۔ قاضی خان نے فرمایا ہے کہ: "اگر (شوال کے چھ) روزے متفرق کے طور رکھے جائیں پھر تو یہ کراہیت سے بہت بعید ہے"۔

اور قاضی خان کی وفات ۵۹۲ھ میں ہوئی۔ اور صاحبِ "حقائق" کی وفات ۶۷۱ھ میں ہوئی۔

۱۰۔ امام زوزنی سدیدی نے فرمایا ہے کہ: "شوال کے چھ روزے ہمارے نزدیک مکروہ نہیں ہیں۔ اور ہمارے مشائخ نے افضلیت میں اختلاف کیا ہے۔ بعض نے فرمایا کہ: یہ چھ روزے پورے سال میں متفرق کے طور رکھنا افضل ہے۔ اور بعض نے فرمایا کہ: ماہِ شوال میں رکھنا افضل ہے"۔

۱۱۔ "محیط"[۱۱] میں ہے کہ: "امام ابو یوسف نے فرمایا کہ: رمضان کے ساتھ شوال کے چھ روزوں کو ملانا مکروہ ہے۔ اور یہی امام مالک کا قول ہے۔ اصح یہ ہے کہ: اِس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ کیونکہ کراہیت تو اِس خوف کی وجہ سے ہے کہ کہیں اِن روزوں کو رمضان سے نہ شمار کیا جائے۔ تو یہ نصاری کے ساتھ تشبُّہ ہو گا۔ آج یہ معنی زائل ہو گئے ہیں، لہذا مکروہ نہیں ہے۔ اور اِسی کی مثل "الذخیرۃ" میں ہے"۔

۱۱/۲۔ "ینابیع" میں ہے کہ: "عید الفطر کے بعد شوال کے چھ روزے پے در پے رکھنا مکروہ نہیں ہے۔ اور کہا گیا ہے کہ مکروہ ہے۔ لیکن پہلا قول اصح ہے"۔

۱۱/۳۔ "عمدۃ المفتی" میں ذکر کیا کہ: "کہا گیا ہے کہ صحیح یہ ہے کہ جب (شوال کے چھ روزے) پے در پے رکھے جائیں اور دوسرے دن کو عید نہ بنایا جائے تو مکروہ نہیں ہے، ورنہ مکروہ ہے۔ اور ہم اِسی قول کو لیتے ہیں"۔

۱۱/۴۔ مرغینانی نے فرمایا کہ: "محرم کے روزے اور رجب و شعبان کے روزے اور شوال کے چھ روزے پے در پے رکھنا پسندیدہ ہے۔ اور کہا گیا ہے کہ یہ روزے متفرق رکھنا مستحب ہیں۔ اور وہ اِس طرح کہ ہفتے میں دو دن"[۱۲]۔

۱۱۔ "محیط" سے مراد "محیط برہانی" نہیں بلکہ "محیط سرخسی" ہے کیونکہ بعینہ یہ الفاظ "محیط سرخسی" میں ہیں جیسا کہ مولانا محمد عبد اللہ فہیمی نے عربی رسالہ کی تخریج میں اِس کا تذکرہ کیا ہے۔

۱۲۔ ہفتے میں دو دن روزے رکھے گا تو تین ہفتوں میں چھ روزے مکمل ہو جائیں گے۔

۱۲۔ اور صاحب "المبتغی" نے فرمایا ہے کہ: "امام ابو یوسف کے نزدیک شوال کے روزے رکھنا مکروہ ہیں۔ اور اصح قول یہ ہے کہ اِس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اور افضل یہ ہے کہ یہ روزے سال میں جُدا جُدا رکھے جائیں۔ اور کہا گیا ہے کہ شوال[۱۳] میں جُدا جُدا رکھیں جائیں"۔ [۱۴]

۱۳۔ امام ابو بکر اسماعیلی نے اور فقیہ محمد بن حامد نے فرمایا ہے کہ: "(شوال کے چھ روزوں میں) حدیث وارد ہونے کی وجہ تتابع افضل ہے"۔

۱۴۔ "ذخیرۃ" میں فرمایا کہ: "امام ابو یوسف نے فرمایا کہ: (شوال کے چھ روزے) رمضان کے ساتھ ملا کر دوسرے روزے رکھنا مکروہ سمجھا کرتے تھے۔ اِس خوف سے کہ چھ روزوں کو فرض کے ساتھ لاحق کر دیا جائے۔ فرمایا کہ: یہ الفاظ عوام کے حق میں کراہت پر دلالت کرتے ہیں نہ کہ اہلِ علم کے حق میں پھر وہ (قول) نقل فرمایا جو پہلے گذرا"۔

۱۳۔ یعنی شوال کے پہلے ہفتے کو چھوڑ کر ہر ہفتے دو روزے اِس طرح رکھ لے کہ چھ کے چھ روزے شوال میں ہی واقع ہوں۔

۱٤۔ یہاں پر ایک نسخے میں کچھ عبارت زیادہ ہے اور وہ یہ ہے کہ: امام قسطلانی نے "مواہب الرحمن" میں فرمایا ہے کہ: ہمارے علماء اور امام شافعی عید الفطر کے بعد پے درپے چھ روزے رکھنے کو مکروہ قرار نہیں دیتے، کیونکہ نبی کریم ﷺ کا فرمان ہے: "جس نے ماہِ رمضان کے روزے رکھے اور اُس کے پیچھے شوال کے چھ روزے رکھے تو یہ اُس کے سارا زمانہ روزے رکھنے کے مثل ہے۔" اِسے امام مسلم اور ابو داؤد نے روایت کیا ہے۔ اور امام مالک نے اِسے مکروہ قرار دیا ہے۔ اور یہی امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف سے ایک روایت ہے۔ کیونکہ فرض پر زیادتی میں اہلِ کتاب کے ساتھ مشابہت پر مشتمل ہے، اور اُن سے مشابہت ممنوع ہے۔ اور عامۃ المتأخّرین اِس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے۔ اور فضیلت میں اِن کے بین اختلاف ہے، پس کہا گیا کہ حدیث شریف کے کلمات "پھر اُن کے پیچھے چھ روزے رکھے" کی بنا پر انہیں عید الفطر کے ساتھ ملانا افضل ہے، اور کہا گیا ہے کہ چھ روزوں میں تفریق مستحب ہے۔ اور یہ نص ہے کہ یہ مؤلف (علامہ قاسم) کے بعد کی تعلیق ہے، کیونکہ امام قسطلانی، آپ کے زمانے کے بعد ہوئے ہیں۔

۱۵۔ "وافی"، "کافی" اور "المصفی" میں فرمایا ہے کہ: "(شوال کے چھ روزے) امام مالک کے نزدیک مکروہ ہے اور ہمارے نزدیک مکروہ نہیں ہیں"۔

۱٦۔ "الغایۃ" میں فرمایا کہ: "عامۃ المتأخّرین اِس میں کسی قسم کا حرج نہیں سمجھتے۔ اور اِس بات میں اختلاف کرتے ہیں کہ کیا جُدا جُدا روزے رکھنا افضل ہے یا پے درپے رکھنا"۔

اور زوزنی سدیدی کہ وفات ۷۱۰ھ میں ہوئی۔

۱۷۔ صاحبِ "مجمع البحرین" نے فرمایا کہ: شوال کے چھ روزے پے درپے رکھنا مکروہ نہیں ہے۔ اور اُن کی وفات ۶۹۴ھ میں ہوئی۔

۱۸۔ خاتمۃ المتأخّرین علامہ اکمل الدین[۱۵] "شرح المشارق" میں فرماتے ہیں کہ: اِس روزے کہ صفت میں علماء کا اختلاف ہے۔ پس امام مالک اِس بات کے طرف گئے ہیں کہ جب پے درپے ہوں تو مکروہ ہے اور اکثر علماء اِس کی عدم کراہت کے طرف گئے ہیں۔ اور جب یہ روزے ماہِ شوال میں جُدا جُدا روزے رکھے جائیں پھر تو کراہت اور نصاریٰ کے ساتھ تشبُّہ سے بہت بعید ہے۔

اور اُن کی وفات ماہِ رمضان ۷۸٦ھ میں ہوئی۔

یہ ہمارے علماء کے کُتُب کی وہ منصوصات ہیں جو اب تک مجھ یہ ظاہر ہوئیں۔ اور اِن (نصوص) سے یہ ظاہر ہو گیا کہ جو علماء گذرے ہیں اُن میں سے کسی ایک نے بھی یہ نہیں کہا کہ: "کراہیت مطلقاً صحیح ہے"۔

اس دعویٰ کا رد کہ رمضان سے شوال کے چھ روزوں کو منسوخ کر دیا

مگر وہ کلام کہ جس کا اِس مقام پر کوئی فائدہ نہیں ہے وہ (جلال تبانی کا) یہ قول ہے کہ "رمضان نے ہر روزے کو منسوخ کر دیا" اِلخ

اور اُس (یعنی جلال تبانی) کا قول کہ: "یہ جاہلوں کا وظیفہ ہے" یہ قول امام مالک کے کلام میں سے نہیں ہے، البتہ یہ اُس کا اپنا ذاتی کلام ہے۔ اور یہ کلام اُسی پر مردود اور شاہد ہے جو کہ مخفی نہیں ہیں۔

۱۵۔ یہ صاحبِ "عنایہ" علامہ اکمل الدّین محمد بن محمود بابرتی ہیں۔

اہلِ علم کے نزدیک شوال کے چھ روزوں کے استحباب کا اثبات

پس "مُغنی" اور" غایۃ" میں فرمایا کہ: "بے شک یہ روزے کثیر اہلِ علم کے نزدیک مستحب ہیں۔ اور اِسے کعب الاحبار، اور امام شعبی اور میمون بن مھران سے روایت کیا گیا ہے۔ اور یہی عبد اللہ بن مبارک اور امام شافعی اور امام احمد بن حنبل اور اسحاق بن راہویہ اور اُن کا قول ہے کہ جنہیں ہم اپنے علماء میں سے شمار کرتے ہیں " ۔

پس کعب الاحبار جلیل القدر تابعی ہیں۔ انہوں نے حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور صحابہ کرام علیہم الرضوان کی جماعت سے روایت کیا ہے۔ اور امام شعبی نے پانچ سو صحابہ کرام علیہم الرضوان کو پایا اور اُن میں سے اڑتالیس صحابہ سے حدیث سماعت کی۔ اور میمون بن مھران بھی تابعی ہیں۔ اور یہ عمر بن عبد العزیز کی طرف سے "الجزیرۃ" کے قاضی تھے۔ اور دوسرے اِن کے بعد کے ائمہ کہ جن کا علم اور اجتہاد مشہور ہے۔

اس دعوی کا رد کہ شوال کے چھ روزوں والی حدیث موضوع ہے

اور اُس (یعنی جلال تبانی) کا قول کہ: "ہر حدیث جو اِس باب میں وارد ہے وہ موضوع ہے۔" یہ ایک جھوٹا دعوی ہے [۱۶]۔ پس امام احمد بن حنبل نے فرمایا کہ: "یہ حدیث تین وجوہ سے نبی کریم ﷺ سے مروی ہے۔" اُن کی اِس سے مراد یہ ہے کہ حضرت ابو ایوب رضی اللہ عنہ کی حدیث سے اور حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کی حدیث سے اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث سے مروی ہے۔

حضرت ابو ایوب کے طریق سے چھ روزوں والی حدیث

حضرت ابو ایوب کی حدیث: اِس حدیث کو امام مسلم نے اپنی "صحیح" میں اور ترمذی نے [۱۷] روایت کیا ہے۔ اور امام ترمذی نے فرمایا ہے کہ: "یہ حدیث حَسَن

۱۶- مقصود غیر صحیح ہے اور قول کی عدم صحت کی وجہ سے اِسے کذب سے تعبیر کیا گیا جیسا کہ یہ لُغت میں معروف اسلوب ہے۔

۱۷- یعنی، امام ترمذی نے اپنی "جامع وسُنَن" میں روایت کیا ہے۔

ہے"، اور امام ابو داؤد اور ابن ماجہ نے بھی روایت کیا ہے، فرماتے ہیں کہ: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: «مَنْ صَامَ رَمَضَانَ ثُمَّ أَتبَعَهُ سِتّاً مِنْ شَوَّالَ، كَان كصِيامِ الدَّهْر » یعنی، "جس نے رمضان کے روزے رکھے پھر اُس نے شوال کے چھ روزے رکھے، اُس نے پورے زمانے کے روزے رکھے" اور امام مسلم کی تصحیح اور امام ترمذی کی تحسین نے سند لانے سے بے نیاز کر دیا ہے۔

حضرت ثوبان کے طریق سے چھ روزوں والی حدیث کا ثبوت

اور ثوبان کی حدیث: اِسے امام ابو داؤد اور ترمذی اور نسائی نے ربیع بن سلیمان سے، اُنہوں نے یحیی بن حسان سے، اور اُنہوں نے یحیی بن حمزہ سے، اور اُنہوں نے یحیی بن الحارث سے، اور اُنہوں نے ابو اسماء الرحبی سے، اور انہوں نے حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے۔

اِسی طرح اِس حدیث کو امام ابو داؤد نے اور ترمذی اور نسائی نے محمود بن خالد سے، انہوں نے محمد بن شعیب بن سابور سے، انہوں نے یحیی بن الحارث سے، انہوں نے ابو اسماء الرحبی سے، انہوں نے حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے۔

اِسی طرح امام ابن ماجہ نے ہشام بن عمار سے، انہوں نے صدقۃ بن خالد سے، اُنہوں نے یحیی بن الحارث سے، اُنہوں نے ابو اسماء الرحبی سے، اُنہوں نے حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے۔

اِسی طرح امام طبرانی نے المقدام بن داؤد سے، انہوں نے اسد بن موسی سے، انہوں نے کہا کہ حدیث بیان کہ مجھے الولید بن مسلم نے، انہوں نے کہا کہ حدیث بیان کی مجھے ثور بن یزید نے، انہیں یحیی بن الحارث نے، اُن کو ابو اسماء نے، پھر اُنہوں نے حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث بیان کی ہے کہ: « مَنْ صَامَ ثُمَّ أَتبَعَهُ بِستٍّ مِنْ شَوَّالَ،فَإنَّ ذَالِکَ صِيامُ الدَّهرِ » یعنی، "جس نے رمضان کے روزے رکھے پھر اُس کے پیچھے شوال کے چھ روزے رکھے، پس یہ سال کے روزے ہیں"۔

اور سعید بن منصور نے روایت کیا ہے کہ : «مَنْ صَامَ ثُمَّ أَتبَعَهُ بِستٍّ مِنْ شَوَّالَ» یعنی، "جس نے رمضان کے روزے رکھے پھر عید الفطر کے بعد چھ روزے رکھے تو یہ سال کے روزوں کو پورا کرنا ہے"۔

اور یحیی بن الحارث اور ابو اسماء الرحبی یہ صحیح کے شرط پر ہیں۔

چھ روزوں والی حدیث کا حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے طریق سے ثبوت

اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہ حدیث: امام احمد نے اِسے عمرو بن جابر الحضرمی کے طریق سے روایت کیا ہے۔ اور اُنہوں نے جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ: بے شک رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: «مَنْ صَامَ رَمَضَانَ، وَ سِتَّةٍ مِنْ شَوَالَ، فَكَأَنَّمَا صَامَ السَّنَةَ كُلَّهَا» یعنی، "جس نے رمضان اور شوال کے چھ روزے رکھے گویا کہ اُس نے پورے سال کے روزے رکھے"۔ اور عمرو بن جابر کے بارے میں کلام کیا گیا ہے، لیکن حدیث کی معنی نصِ کتاب[18] سے ثابت ہے۔

قاضی ابو بکر العربی نے اپنے کتاب "العارضۃ"[19] میں فرماتے ہیں کہ: جس نے رمضان اور عید الفطر کے بعد چھ روزے رکھے، اُس کے لئے پورے سال کے روزوں کا ثواب ہے۔ یہ (حکم) قطعاً قرآن سے ہے کہ: ﴿مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا﴾۔[20]

یہاں دو سوال مشہور ہیں۔

رمضان کے روزوں کے ساتھ برابری کا شبہ

ایک یہ کہ: امام طحاوی نے "مشکل الآثار" میں فرمایا کہ: کہنے والے نے کہا ہے کہ اِس کی مثل کو قبول نہیں کرنا چاہئے کیونکہ اِس میں غیر رمضان کے روزوں کا،

۱۸۔ کتاب سے مراد قرآن کریم ہے جیسا کہ اگلی سطور میں اِس کا بیان ہے۔

۱۹۔ اِس سے مراد ابن العربی کی کتاب "العارضۃ الأحوذی شرح الترمذی" ہے۔

۲۰۔ ترجمہ: جو ایک نیکی لائے تو اُس کے لئے اِس جیسی دس ہیں۔ (کنز الایمان)

رمضان کے روزوں کے ساتھ برابر ہونا لازم آئے گا۔ اور اِس بات میں کوئی اختلاف نہیں کہ کوئی بھی روزہ رمضان کے روزوں سے افضل نہیں ہے۔

اِس کا جواب یہ ہے کہ: بے شک رمضان کے روزے کے لئے زیادہ فضیلت ہے جیسا کہ ذِکر کیا گیا ہے۔ اور اِن کے علاوہ (یہ حدیث) مروی ہے کہ: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: «مَنْ صَامَ رَمَضَانَ إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ» یعنی، "جس نے ایمان اور ثواب کی نیت سے رمضان کے روزے رکھے، اُس کے پچھلے گُناہ بخش دیئے گئے"۔

اور یہ بھی مروی ہے کہ: «مَنْ قَامَ رَمَضَانَ إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ» یعنی، "جس نے ایمان اور ثواب کی نیت سے رمضان میں قیام کیا اُس کے پچھلے گُناہ بخش دیئے گئے"۔

اور مروی ہے کہ: «مَنْ صَامَ رَمَضَانَ وَ قَامَهُ إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ» یعنی، "جس نے ایمان اور ثواب کی نیت سے رمضان کے روزے رکھے اور اُس میں قیام کیا، اُس کے پچھلے گُناہ بخش دیئے گئے"۔

حدیث شریف کہ حقیقت روزے اور قیام پر ہے۔[21] واللہ اعلم۔

جب رمضان کے روزے فرض ہیں اور اِس میں قیام سنّت ہے، اور اللہ عزّوجلّ فرض کی ادائیگی پر اپنے بندوں کو جو چاہتا ہے ثواب عطا فرماتا ہے۔ پس اللہ عزّوجلّ رمضان کے روزوں کے ذریعے جو دس مہینوں میں (گُناہ) واقع ہوتے ہیں اُنہیں مٹا دیتا ہے۔ اور شوال کے چھ روزوں کے ذریعے بھی تا کہ نیکی دس گُنا زیادہ ہو جائے۔ جیسا کہ اللہ عزّوجلّ اپنی کتاب (قرآن) میں ارشاد فرماتا ہے[22] یہ سب ہوتا ہے، اُس کے ساتھ ساتھ اللہ عزّوجلّ رمضان کے روزے رکھنے والوں کے لئے

۲۱۔ حدیث شریف میں رمضان کے روزوں اور اُس میں قیام کا حرص دلوایا گیا ہے۔

۲۲۔ یہ سورہ انعام کی آیت: ۱۴۰ کے طرف اشارہ ہے اور وہ آیت یہ ہے: ﴿مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا﴾

اُن روزوں کو پورے ایک سال کا کفّارہ بنا دیتا ہے۔ و باللہ التّوفیق (توفیق دینے والا اللہ تعالیٰ ہی ہے)

صومُ الدّھر جو کہ ممنوع ہے اُس کے ساتھ تَشبُّہ کا شبہ

دوسرا اعتراض جسے "المغنی" میں وارد کیا ہے اور "الغایۃ" میں اِسے نقل کیا ہے کہ: پس اگر کہا جائے کہ (چھ روزوں کی) فضیلت کی حدیث شریف میں کوئی دلیل نہیں ہے۔ کیونکہ نبی کریم ﷺ نے اِن روزوں کو صومُ الدّھر کے ساتھ تشبیہ دی ہے اور یہ (صومُ الدّھر) مکروہ ہے۔

اِس کا جواب یہ ہے کہ: صومُ الدّھر کو صرف اِس لئے مکروہ قرار دیا گیا کہ اِس میں کمزوری کا امکان ہے، اور اِس میں دنیا سے بے تعلّق ہو کر خُدا عزّوجلّ کی عبادت کرنے کے ساتھ مشابہت ہے۔ اگر یہ بات نہ ہو تو اِس میں عظیم فضیلت ہے کیونکہ اِس میں پورا زمانہ اللہ تعالیٰ کی عبادت و طاعت میں مستغرق ہوتا ہے۔

لیکن حدیث شریف میں تَشبُّہ سے مراد بغیر مشقّت کے عبادت کا حصول ہے۔ جس طرح رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: «مَنْ صَامَ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ كَمَنْ صَامَ الدَّهْرَ»[23] یعنی: "جس نے ہر مہینے کے تین روزے رکھے گویا کہ اُس نے پورے سال کے روزے رکھے"۔[24]

اور نبی کریم ﷺ نے حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو تین دن سے کم میں (پورے) قرآن پاک کی تلاوت کرنے سے منع فرمایا ہے۔" حالانکہ

۲۳- نبی کریم نے فرمایا کہ: « لَا صَامَ مَنْ صَامَ الدَّهْرَ » اور یہ بھی فرمایا کہ: « صَوْمُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ صَوْمُ الدَّهْرِ كُلِّهِ » اِس طرح ممنوع کو مقدّم فرمایا اور ممنوع صومُ الدّھر ہے اور اُس کے ساتھ اُس کا مشروع بدل لاحق فرمایا کہ جس میں سوائے مشقّت کے ثواب حاصل ہو جاتا ہے۔

۲۴- نبی کریم ﷺ نے یہ روزوں پر حرص دلانے اور اُن کی فضیلت کو بیان کرنے کے لئے ذِکر فرمایا اور اُن کے استحباب میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ: «مَنْ قَرَأَ قُلْ هُوَ اللهُ أَحَدٌ فَكَأَنَّمَا قَرَأَ ثُلُثَ الْقُرْآنِ» یعنی، "جس نے "قل ھو اللہ اَحد" پڑھا گویا کہ اُس نے قرآن کی ایک تہائی کو پڑھا"۔

نبی کریم ﷺ نے یہاں ثُلثِ قرآن کی تشبیہ سے فضیلت کا ارادہ فرمایا نہ کہ اِس سے زیادہ کرنے کی کراہت کا۔

شوال کے چھ روزوں میں تفریق یا عید کے دن کے بعد پے در پے رکھنے کا جواز

صاحب "المغنی" نے ارشاد فرمایا کہ: "جب یہ بات ثابت ہوگئی تو پھر یہ روزے پے در پے یا مہینے کے اول یا آخر میں متفرق رکھنے میں کوئی فرق نہیں ہے۔ کیونکہ اِس باب میں حدیث بغیر کسی قید کے مطلق وارد ہوئی ہے۔ اور اِس کی فضیلت کی وجہ یہ ہے کہ چھ روزے مہینے کے ساتھ چھتیس (۳۶) دن ہوتے ہیں اور ایک نیکی دس گُنا ہے تو یہ تین سو ساٹھ دن کے مثل ہو گیا اور یہ پورا ایک سال ہے پس جب یہ ہر سال پایا گیا تو یہ "صوم الدّھر" کے مثل ہو جائے گا۔ اور یہ معنی جُدا جُدا روزے رکھنے سے بھی حاصل ہو جائیں گے۔" واللہ اعلم

خاتمہ

جب یہ میرا رسالہ پورا ہوا تو میں نے اِس کا نام "تحریرُ الأَقوالِ فی صَومِ السِّتِّ مِن شَوّال" رکھا۔ میں اللہ سبحانہ و تعالیٰ سے سوال کرتا ہوں کہ اِس رسالہ سے ہمیں نفع پہنچائے۔ اور ہمارے لئے اُس پر عمل کرنا آسان فرمائے۔ بے شک وہی رب تعالیٰ پاک و بلند و بالا ہے۔ وہی سب سے زیادہ سوال قبول فرماتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ بیشمار درود بھیجے ہمارے سردار محمد اور آپ کی آل پر اور آپ کے اصحاب پر۔ حَسْبُنَا اللهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَحْدَهٗ[25]

۲۵- **شوال کے چھ روزے علمائے دیگر کی نظر میں**

ا۔ امام فقیہ ابو اللیث نصر بن محمد بن ابراہیم سمرقندی حنفی متوفی ۳۷۳ھ فرماتے ہیں: "بعض لوگوں نے (شوال کے) چھ روزوں کو مکروہ کہا ہے اور کہتے ہیں کہ اِس میں نصاریٰ کے ساتھ

تشبُّہ ہے، اور بعض علماء فرماتے ہیں کہ مناسب یہ ہے کہ یہ روزے متفرق طور رکھے جائیں تا کہ نصاریٰ کے ساتھ تشبُّہ نہ ہو۔ اور میرے نزدیک اِن روزوں کو پے در پے یا متفرق طور رکھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ کیونکہ اِن (یعنی شوال کے روزوں) اور رمضان کے روزوں کے درمیان عید الفطر کا دن جُدائی کر دیتا ہے"۔("تبنیه الغافلین"، باب فضل صوم التّطوّع و صوم أيام البيض، ص ۱۶۸)

۲۔ امام احمد بن محمد ابن اَبی بکر حنفی متوفی ۵۲۲ھ فرماتے ہیں کہ: "عید الفطر کے بعد چھ روزے رکھنے کو مکروہ کہا گیا ہے، لیکن مختار یہ ہے کہ اِس میں کوئی حرج نہیں ہے"۔("خزانة الفتاوی"، کتاب الصّوم ، فصل فی ما یستحب من الصّوم و ما یکره و ما لا یکره و مایجوز و مالا یجوز، ق ۴۴/ ب)

۳۔ امام قاضی جمال الدین احمد بن محمود غزنوی حنفی متوفی ۵۹۳ھ فرماتے ہیں: "امام ابو یوسف نے فرمایا: شوال کے چھ روزے رمضان کے ساتھ متصلاً رکھنا مکروہ ہے، اور مشائخ کا اِس میں کلام ہے، اور صحیح یہ ہے کہ اِس میں کوئی حرج نہیں ہے"۔("الحاوی القدسی"، کتاب الصّوم ، فصل: الصّوم جائز فی جمیع السّنة، ۱/ ۳۱۲)

۴۔ امام ظہیر الدین ابو بکر محمد بن احمد حنفی بخاری متوفی ۶۱۹ھ فرماتے ہیں: "مستحب یہ ہے کہ شوال کے چھ روزے یہود و نصاریٰ کے طعن سے بچنے کے لئے متفرق کے طور ہر ہفتے میں دو دن رکھے جائیں،۔ وہ (یعنی یہود و نصاری) کہتے ہیں کہ: آپ کا رمضان ایک ماہ سے زیادہ ہے، پھر ہمارا رمضان بھی تو اِسی طرح ہے۔ امام ابو بو بکر اسماعیلی اور فقیہ محمد بن حامد علیہما الرحمہ فرماتے ہیں کہ: افضل یہ ہے کہ شوال کے چھ روزے پے در پے رکھے جائیں"۔ ("الفتاوی الظّهيريّة"، کتاب الصّوم، الفصل السّابع فی الأوقات التی یکره فیها الصّوم أو یستحب، ق ۱۱۹)

۵۔ علامہ زین الدین محمد بن ابی بکر الرازی حنفی متوفی ۶۶۶ھ فرماتے ہیں: "شوال کے چھ روزے رمضان کے ساتھ پے در پے رکھنا مکروہ نہیں ہے"۔ ("تحفة الملوک"، کتاب الصّوم، ۲۶۳۔ جواز وصال السّتّ، ص ۱۵۰)

۶۔ امام زین الدین المعروف ابن نجیم المصری متوفی ۹۷۰ھ فرماتے ہیں: "شوال کے چھ روزے رکھنا ابو حنیفہ (رضی اللہ عنہ) کے نزدیک مطلقاً مکروہ ہے اور ابو یوسف کے نزدیک یہ روزے

پے در پے رکھنا مکروہ ہے، لیکن عام مشائخ فرماتے ہیں کہ اِس میں کوئی حرج نہیں ہے"۔ ("البحر الرائق"، کتاب الصّوم، ۲/ ۴۵۱)

۷۔ علامہ حسین ابن محمد السمقانی حنفی متوفی ۷۴۰ھ فرماتے ہیں: "مستحب یہ ہے کہ شوال کے چھ روزے متفرق کے طور ہر ہفتے میں دو دن رکھے جائیں"۔ ("خزانة المفتين"، کتاب الصوم، فصل المرغوبات من الصّيام، ق ۴۶/ أ)

۸۔ امام شرف الدین حسین بن محمد متوفی ۷۴۳ھ فرماتے ہیں: "تحقیق شوال کے چھ روزوں کو قوم نے مستحب جانا ہے۔ اور مختار یہ ہے کہ مہینے کے شروع میں ملا کر روزے رکھے جائیں۔ اگر جُدا جُدا رکھے جائیں تو بھی جائز ہے۔ اور امام مالک نے "موطا" میں فرمایا ہے کہ: میں نے اہلِ علم کو نہیں دیکھا جو یہ روزے رکھتے ہوں۔ وہ فرماتے ہیں کہ یہ شوال کے چھ روزے رکھنا مکروہ ہے۔ تاکہ اُس کے وُجوب کا گمان نہ کیا جائے"۔ ("شرح الطّیبی علی المشكاة المصابيح"، کتاب الصّوم ،باب صیام التّطوّع، الفصل الأول، تحت الحديث: ۲۰۴۷، ۴/ ۲۲۰)

۹۔ امام ابو محمد بن محمد اسفر ائینی شافعی متوفی ۷۴۷ھ فرماتے ہیں: "شوال کے چھ روزوں کے بارے میں رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے: "جس نے شوال کے چھ روزے رکھے گویا کہ اُس نے پورے سال کے روزے رکھے"۔ اور افضل یہ ہے کہ یہ روزے در پے در رکھے جائیں، اور بعض علماء کے نزدیک یہ کہ: یہ روزے متفرق طور رکھے جائیں"۔ ("ینابیع الأحکام"، کتاب الصّوم، ق ۴۳/ أ)

۱۰۔ امام فرید الدین عالم بن علاء ہندی حنفی متوفی ۷۸۶ھ فرماتے ہیں: "امام ابو حنیفہ کے نزدیک شوال کے چھ روزے پے در پے یا متفرق کے طور رکھنا مکروہ ہے، اور امام ابو یوسف نے فرمایا: اِن روزوں سے رمضان کی اتباع کرنا مکروہ جانتے تھے اِس خوف کی وجہ سے کہ کہیں اِن روزوں کو فرض کے ساتھ نہ ملایا جائے۔ امام مالک فرماتے ہیں: میں نے اہلِ فقہ میں سے کسی کو نہیں دیکھا جو یہ روزے رکھتے ہوں اور نہ ہی کسی نے ہمیں اِس کی خبر دی ہے، امام ابو یوسف فرماتے ہیں: میں اِن روزوں کے پے در پے رکھنے کو مکروہ جانتا ہوں اور متفرق کے طور اِن روزوں کے رکھنے کو مکروہ نہیں جانتا اور ہمارے مشائخ فرماتے ہیں: عالم کے لئے مناسب ہے کہ وہ یہ روزے چھپ کر رکھے اور جُہال کو اِن روزوں کے رکھنے سے منع کرے، شمس الائمہ حلوانی نے فرمایا کہ: اِن روزوں کو رمضان کے ساتھ متّصل رکھنا مکروہ ہے، اگر عید الفطر کے بعد کچھ

دن کھائے پھر یہ روزے رکھے تو مکروہ نہیں ہے بلکہ مستحب ہے، حاکم شہید نے "المنتقی" میں فرمایا ہے کہ: حسن بن زیاد سے میں نے یہ پایا کہ آپ اِن روزوں کو عید الفطر کے بعد پے در پے رکھنے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔ اور فرمایا کرتے تھے کہ: شوال کے روزوں اور رمضان کے روزوں میں تفریق کے لئے عید الفطر کا دن کافی ہے۔ اور عام متأخّرین علماء اِن روزوں کے رکھنے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔ پھر اُن کے ہاں یہ اختلاف ہوا کہ اِن روزوں کے رکھنے میں افضل پے در پے رکھنا ہے یا متفرق کے طور رکھنا ہے؟ "الذخیرۃ" میں ہے: بعض علماء فرماتے ہیں کہ: اِن روزوں کے پے در پے رکھنے میں افضلیت ہے۔ اور بعض علماء فرماتے ہیں کہ: اِن روزوں کو متفرق کے طور رکھنا افضل ہے"۔ ("الفتاوی التّاتارخانیّة"، کتاب الصّوم، الفصل الثّامن: فی بیان الأوقات التی یکرہ فیها الصّوم، ٤٧١٦، ٣/ ٤١٠)

۱۱۔ علامہ عبد اللطیف بن عبد العزیز المعروف ابن ملک حنفی متوفی ۸۰۱ھ فرماتے ہیں: "عید الفطر کے ساتھ چھ روزے پے در پے رکھنا مکروہ نہیں ہے۔ امام مالک فرتاتے ہیں کہ: اہلِ کتاب کے ساتھ تَشبُّہ اور فرض میں زیادتی کی وجہ سے مکروہ ہے۔ اور ہمارے لئے رسول اللہ ﷺ کا یہ فرمان ہے کہ: " جس نے رمضان کے روزے رکھے پھر شوال کے چھ روزے رکھے گویا کہ اُس نے پورے زمانے کے روزے رکھے۔ اور رمضان اور شوال کے روزوں کے درمیان عید الفطر کے دن کے وقوع سے نصاری کے ساتھ جو تَشبُّہ تھا وہ ختم ہو گیا۔ اور "خانیہ (یعنی فتاوی قاضی خان)" میں ہے کہ: اگر یہ روزے متفرق کے طور پہ رکھے جائیں پھر تو کراہت سے دُوری ہے"۔ ("شرح مجمع البحرین" لابن ملک، کتاب الصّوم، ق ١٠٩/ ب)

۱۲۔ علامہ بدر الدین عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ فرماتے ہیں: شوال کے چھ روزے رمضان کے ساتھ پے در پے رکھنا مکروہ نہیں ہے، رسول اللہ ﷺ کے فرمان: "جس نے رمضان کے روزے رکھے پھر شوال کے چھ روزے رکھے گویا کہ اُس نے پورے زمانے کے روزے رکھے" کی وجہ سے۔ ("منحة السّلوک شرح تحفة الملوک"، کتاب الصّوم، فصل: فی بیان العوارض، ص ٢٧٧)

۱۳۔ علامہ محمد بن احمد ابن الضیاء الصّاغانی حنفی متوفی ۸۵۴ھ فرماتے ہیں: "شوال کے چھ روزے رکھنے میں علماء کا اختلاف ہے، بعض علماء کہتے ہیں کہ اِس میں کوئی حرج نہیں اور امام مالک فرماتے ہیں: میں نے اہلِ علم کو نہیں دیکھا جو یہ روزے رکھتے ہوں۔ امام ابو یوسف سے مروی

ہے کہ: آپ کے نزدیک یہ روزے پے در پے رکھنا مکروہ ہے اور متفرق طور رکھنا مکروہ نہیں ہے۔ اور "فتاوی" میں مذکور ہے کہ: یہ روزے مطلقاً مکروہ ہیں۔ اور جنہوں نے مکروہ کہا ہے وہ کہتے ہیں کہ اِس میں رمضان کے روزوں کے ساتھ زیادتی ہے، اور جو جواز کے قائل ہیں وہ فرماتے ہیں کہ: رمضان کے روزوں اور اِن (یعنی شوال کے چھ) روزوں میں تفریق کے لئے عید الفطر کا دن کافی ہے"۔ ("ضیاء المعنویة شرح مقدّمة الغزنویة"، کتاب الصّوم، ق ٣٤٠/ ب)

۱۴۔ امام کمال الدین محمد بن عبد الواحد ابن ہمام حنفی متوفی ۸۶۱ھ فرماتے ہیں: "شوال کے چھ روزے رکھنا امام ابو حنیفہ کے نزدیک مطلقاً مکروہ ہے، البتہ عام متأخّرین اِس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے۔ پس کہا گیا ہے کہ اِن روزوں کو عید الفطر کے ساتھ ملا کر رکھنا افضل ہے یا شوال میں متفرق کے طور رکھنا افضل ہے؟ پس جواز کی صورت یہ ہے کہ اِن روزوں کو عید الفطر کے ساتھ ملا کر رکھنے سے اہلِ کتاب کے ساتھ مشابہت لازم نہیں آئے گی"۔ ("فتح القدیر"، کتاب الصّوم، باب ما یوجب القضاء و الکفارة، ٢/ ٣٥٥)

۱۵۔ علامہ قاضی جکن ہندی حنفی متوفی ۹۲۰ھ فرماتے ہیں: "شوال کے چھ روزے رکھنے میں علماء کا اختلاف ہے، بعض علماء کہتے ہیں کہ یہ روزے رکھنا مکروہ ہے، اور بعض علماء کہتے ہیں کہ یہ روزے رکھنا مکروہ نہیں ہے، اگر یہ روزے ماہِ شوال میں متفرّق طور رکھے جائیں تب کراہت اور نصاری کے ساتھ تَشبُّہ سے دُوری ہے اور جواز کے طرف قریب (قول) ہے۔ "قرآن خوانیہ" میں "ینابیع" سے ہے کہ: شوال کے روزے عید الفطر کے بعد پے در پے رکھنا مکروہ نہیں ہے، اور کہا گیا ہے کہ مکروہ ہے، پہلا (قول) صحیح ہے۔ "عمد المفتی" میں مذکور ہے کہ: کہا گیا ہے کہ صحیح یہ ہے جب یہ روزے پے در پے رکھے جائیں اور عید کے دن روزہ نہ رکھا جائے ورنہ مکروہ ہے اور اِسی (قول) کو ہم لیتے ہیں۔ اور "ایضاح" میں ہے کہ: (شوال کے) چھ روزوں کی مُمانعت میں (جو علما کے اقوال) وارِد ہوئے ہیں وہ اِس بات پہ محمول ہیں کہ عید کے دن بھی روزہ رکھا جائے تب یہ یہود کے ساتھ تَشبُّہ ہو گا"۔ ("خزانة الرّوایات"، کتاب الصّوم، باب الصّیام المستحبّة و المنهیّة، ق ١٨٩/ أ)

۱۶۔ علامہ برہان الدین ابراہیم بن موسی طرابلسی حنفی متوفی ۹۲۲ھ فرماتے ہیں: "شوال کے چھ روزوں کی عید الفطر کے ساتھ اتباع کرنا مکروہ نہیں ہے"۔ ("مواهب الرحمن فی مذهب أبی حنيفة النّعمان"، كتاب الصّوم، باب ما يفسد الصّوم و مالا يفسده، ۱/ ق ۵۲.)

۱۷۔ علامہ عبد العلی بن محمد بن حسین برجندی حنفی متوفی بعد ۹۳۵ھ فرماتے ہیں: "شوال کے چھ روزے امام ابو حنیفہ کے نزدیک مطلقاً مکروہ ہیں اور امام ابو یوسف کے نزدیک پے در پے رکھنا مکروہ ہیں، اور امام حسن بن زیاد سے مروی ہے کہ آپ کے نزدیک مطلقا کراہت نہیں ہے، بعض مشائخ نے فرمایا کہ عالم کو چاہیے کہ یہ روزے چھپ کر رکھے اور جاہلوں کو اِس سے منع کرے، البتہ عام متأخّرین علماء اِس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے۔ البتہ اِس میں اختلاف ہے کہ یہ روزے پے در پے رکھنا افضل ہیں یا متفرق کے طور"۔ ("حاشية البرجندی علی شرح الوقاية"، كتاب الصّوم، فصل : فی موجب الفساد، ۱/ ۲۲۱)

۱۸۔ علامہ ابراہیم بن محمد حلبی حنفی متوفی ۹۵۶ھ فرماتے ہیں: "عید الفطر کے ساتھ شوال کے چھ روزوں کی اتباع کرنا مکروہ نہیں ہے، اور اِن روزوں کو متفرق کے طور رکھنا کراہت اور نصاری کے ساتھ مشابہت سے بعید ہے"۔ ("ملتقى الأبحر" مع شرحه مجمع الأنهر ، كتاب الصّوم، فصل: نذر صوم يومی العيد، ۱/ ۳۷۵)

۱۹۔ امام شمس الدین محمد خراسانی حنفی متوفی ۹۶۲ھ /۹۵۵ھ فرماتے ہیں: "شوال کے چھ روزے امام ابو حنیفہ کے نزدیک مطلقاً مکروہ ہیں اور امام ابو یوسف کے نزدیک پے در پے رکھنا مکروہ ہیں، اور امام حسن بن زیاد سے مروی ہے کہ آپ کے نزدیک مطلقاً کراہت نہیں ہے جس طرح عام متاخّرین علماء فرماتے ہیں۔ البتہ اِس میں اختلاف ہے کہ یہ روزے پے در پے رکھنا افضل ہیں یا متفرق کے طور؟ امام حلوانی نے فرمایا: عید الفطر کے بعد کچھ دن افطار کر کے پھر یہ روزے رکھنا مستحب ہیں اِسی طرح "مضمرات" میں ہے۔ اور "النظم" میں مذکور ہے کہ اہلِ کتاب کے طعن کی وجہ سے متفرق کے طور ہر ہفتے میں دو دن رکھنا مستحب ہے"۔ ("جامع الرّموز"، كتاب الصّوم، فصل: موجب الافساد، ۱/ ۳۷۲)

۲۰۔ امام فقیہ جعفر بوبکانی حنفی متوفی ۱۰۰۰ھ فرماتے ہیں: " "قرآن خوانیہ" میں "ینابیع" سے ہے کہ: عید الفطر کے بعد شوال کے چھ روزے پے در پے رکھنے کے بارے میں کہا گیا ہے کہ مکروہ ہے، لیکن اصحّ یہ ہے کہ یہ روزے رکھنا مکروہ نہیں ہے"۔ ("المتانة فی مرمة الخزانة"، كتاب الصّوم، باب فی الصّيامات المستحبّة و المنهيّة، ص ۳۷٤)

۲۱۔ علامہ محمد بن عبد اللہ الخطیب التمرتاشی حنفی متوفی ۱۰۰۴ھ فرماتے ہیں: "عید الفطر کے بعد شوال کے چھ روزوں کے بارے میں علماء کا اختلاف ہے، بعض اِن کو مکروہ جانتے ہیں، جیسے امام مالک، اور بعض اِن کو مکروہ نہیں جانتے، اگر یہ روزے شوال میں متفرق کے طور رکھے جائیں پھر تو کراہت اور نصاری کے ساتھ تَشَبُّہ سے بہت بعید ہے۔ اور جواز کے (قول کے) قریب ہے، اِسی طرح "خانیہ (فتاوی قاضی خان)" میں ہے۔ اور منلا خسرَو نے اپنی شرح میں کراہت کو امام مالک کے ساتھ مکروہ کہا ہے، حالانکہ امام ابو یوسف بھی کراہت کے قائل ہیں۔ "حاوی القدسی" میں ہے کہ: امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ شوال کے چھ روزوں کو رمضان کے ساتھ متّصل رکھنا مکروہ ہے۔ اِس مسئلہ میں علماء کا اختلاف ہے۔ اصحّ (قول یہ ہے کہ) اِس میں کوئی حرج نہیں ہے"۔ ("منح الغفار شرح تنوير الأبصار"، كتاب الصّوم، ق ۱٤٤/ أ)

